# مامن خبریں

نمبر7 _20، جنوری ، 2013

# روح القدس کی تیز آندھی نے پاکستان اور سری لنکا کی تجدید کی
## پاسٹر ٹائی سِک گِل کے سیمنارز اور رومالوں کے شفائیہ کروسیڈز













پاکستان اور سری لنکا میں کلامِ حیات اور خدا کی قدرت کا ظہور **تصویر نمبر1:** فل گاسپل اسمبلی میں کرسیڈ کا انعقاد کیا گیا جس میں 10,000سے زائد شرکاء موجود تھے ۔ **تصویر نمبر2:** کیرولناپونا میں منعقدہ شفائیہ کروسیڈ **تصویرنمبر3:** پاسٹر تائیسک گِل قدرت کے رومالوں کے ساتھ دعا کرتے ہوئے ۔**تصویر 4-5:** گواہیاں دینے والے اپنی شفا کی گواہی سے خدا کو جلال دے رہے ہیں **تصویر6:** پاسٹر تائیسک گِل کوپاکستان میں ان کی خدمات کے سِلہ میں ڈاکٹرل ڈگری پیش کی جا رہی ہے (درمیان میں )۔

پاکستان، جہاں کی مسلم آبادی 97فیصد اور سری لنکا میں جہاں کیبدھ مت کی پروکار 69فیصد ہے ؛انجیل کے پیغام کے نشانات اور قدرت کے ساتھ ظاہر ہونے والے کاموں کی آگ بھڑک اٹھی ہے ۔16اکتوبر 2012سے پاسٹر تائی سِک گِل (ڈائیجی اون مامن چرچ) نے مامن مشن ٹیم کے ہمراہ پاکستا ن اور سری لنکا کا بشارتی دورہ کیا تھا۔

17اکتوبر، 2012کو پاسٹر تائی سِک گِل کو ڈاکٹرل ڈگری پیش کرنے کی تقریب ایمبیسڈر ہوٹل لاہور پاکستان میں منعقد کی گئی ۔ کونسل آف بشپس اینڈ ہیڈ آف دی نیشنل چرچز نے پیڈاگاگی اور منسٹری کے شعبہ جات میں پاسٹر گِل کو اُن کی پاکستان میں منسٹری کی خدمات تسلیم کرتے ہوئے پیش کی ۔پاسٹر گِل نے گزشتہ دس برسوں میں 14بار پاکستان کا دورہ کیا اور 12شہروں میں رومالوں کے شفائیہ کروسیڈ منعقد کئے ۔اس کے علاوہ ایک غیر سرکاری تنظیم برائٹ فیوچر سوسائٹی نے ڈاکٹر جے راک لی کو روحوں کی نجات کے لئے خود کو وقف رکھنے پر"نیک سامری" ایوارڈ پیش کیا۔

اس کے بعد ہونے والے سیمنار میں پاسٹر گِل نے ڈاکٹر جے راک لی کی کتاب Awaken Israel کی بنیاد پرانسان کے بڑھنے پھلنے کے تعلق سے ایک پیغام پیش کیا ۔ شام کے وقت آئزک ٹی وی کے صدر پاسٹر انور فضل کی درخواست پر فل گاسپل اسمبلی میں رومالوں کے شفائیہ کروسیڈ کا انعقاد کیا گیا ۔ پاسٹر گِل نے کروسیڈ میں خدا کا کلام سنایا اور چار وجوہات بیان کیں کہ کیوں یسوع ہی واحد نجات دہندہ ہے، اس کے علاوہ انہوں نے رومالوں کے ذریعہ بیماروں کی شفا کے لئے دعا بھی کی ۔(اعمال 11:19-12)

18اکتوبر کو پاسٹر انور فضل کی طرف سے واٹر آف لائف چرچ منسٹریز میں پاسٹرز سیمینار منعقد کیا گیا ۔ سیمینار کے مقرر پاسٹر گِل نے"ایمان کا پیمانہ" کے موضوع پر لیکچر دیا۔حاضرین اس روحانی پیغام سے بہت متاثر ہوئے اور اُن سے ڈاکٹر جے راک لی کے مزید پیغامات کی درخواست کی ۔

20اکتوبر کو کیرولناپونا ، کولبو سری لنکا میں رومالوں کے شفائیہ کروسیڈ کا انعقاد کیا گیا ۔ پاسٹر گِل نے "انسانی نسل بڑھانے میں خدا کی مرضی "اور "نیک و بد کی پہچان کا درخت لگانے میں خدا کی مرضی" کے موضوعات پرمنادی کی ۔ 21اکتوبر کو انہوں نے وٹالا میں رومالوں سے شفائیہ کروسیڈ میں یسوع مسیح کے بارے میں منادی کی ۔

رومالوں کے شفائیہ کروسیڈمیں جو پانچ روز کے لئے منعقد کیا گیا تھا ، کئی لوگوں نے اپنی مختلف بیماریوں اور تکلیفوں سے شفا پانے کے بعد زندہ خدا کو بہت عظیم جلال دیا ۔گیان دیاسِنگھے (چھ سالہ بچہ) کو سانس میں تکلیف تھی اور اُس کا پورا انحصار Inhalerپر تھا لیکن کروسیڈ کے دوران اُس نے اپنی گردن اور سینے میں گرمائش محسوس کی اور اُس کو شفا ہو گئی ۔ایس ، نیہال فرنینڈو (60سالہ خاتون ) نے کہا کہ اُس کے بدن میں سے ایکسیڈنٹ کے بعد والے تمام اثرات غائب ہو گئے اور اُسے ریڑھ کی ہڈی کے درد سے شفا مل گئی ہے ۔اس کے علاوہ بھی بے شمار گواہیاں دی گئیں ۔

22اکتوبر کو "کولمبو پاسٹرز سیمینار" منعقد ہوا اور پاسٹر گل نے "ایمان کا پیمانہ" پر لیکچر دیا۔ سیمینار میں شریک پاسبانوں نے کہا کہ "اِس لیکچر کی بنیاد فی الحقیقت بائبل مقدس پر ہے اور یہ روحانی اور بہت گہرا لیکچر ہے ۔" 23اکتوبر کو کینڈی میں پاسبانوں کے لئے سیمینار کا اہتمام کیا گیا جس کا موضوع تھا "صلیب کا پیغام" ۔ سیمینار کے اختتام پر اِس بشارتی دورے کا بھی اختتام ہوا۔ جن پاسبانوں نے انجیل کے جوہر کا لطف اٹھایا تھا وہ ابھی سے آئندہ سیمینار کے منتظر ہیں ۔

### مزید جانیں بچ جائیں گی آئزک ٹی وی کے ذریعہ ڈاکٹر جے راک لی کا پیغام



آئزک ٹی وی پاکستان کے ذریعہ مزید جانیں زندگی بھرے پیغامات سُنیں گی اب آئزک ٹی وی ڈاکٹر جے راک لی کے پیغامات روزنہ چھ گھنٹے اور اور مامن - خداداد ستائشی اور فنی مظاہروں کے پروگرام روزانہ دو گھنٹے تک اُردو اور انگریزی زبانوں میں پورے پاکستان اور مشرقِ وسطیٰ میں نشر کرتا ہے ۔

آئزک ٹی وی کے صدر پاسٹر انور فضل نے کہا کہ “آئزک ٹی وی نے حال ہی میں ایک ایسے سیٹلائیٹ سٹیشن کے ساتھ معاہدہ پر دستخط کئے ہیں جس کی نشریات برطانیہ ، یورپ ، اور افریقہ میں دیکھی جاتی ہیں لہٰذا اس کے پروگرام بھی آئندہ دنوں میں اِن جگہوں پر نشر ہو سکیں گے ۔اس کے وسیلہ ، بے شمار لوگ سچائی سے واقف ہوں گے اور نجات تک پہنچیں گے۔”

# جسمانی محبت اور روحانی محبت

"اے عزیزو! آئو ہم ایک دوسرے سے محبت رکھیں کیونکہ محبت خدا کی طرف سے ہے اور جو کوئی محبت رکھتا ہے وہ خدا سے پیدا ہوا ہے اور خدا کو جانتا ہے۔" (یوحنا4:7-8)

لفظ "محبت" ہمیں شادمان کرتا ہے اور اِسے سُن کر ہمارے دل خوشی سے لبریز ہونے لگتے ہیں ۔ اِس بات سے زیادہ خوشی کی اور کوئی بات نہیں ہو سکتی کہ ہماری زندگی میں کوئی اپنی لاتبدیل محبت ہمارے ساتھ ظاہر کرے ۔ہم نے سُنا کہ بعض لوگ موت پر غالب آئے ، اپنے حالات کو بدل ڈالا، اور اپنی زندگیوں کو محبت کی قوت کے ساتھ خوبصورت بنا لیا ۔محبت شادمانی کے لئے لازم و ملزوم ہے اور اِس میں ہماری زندگیاں بدلنے کی طاقت ہے ۔

### 1۔جسمانی محبت کیا ہے ؟

حتیٰ کہ غیر ایماندار اور بُرے لوگ بھی اُن سے محبت رکھتے ہیں جو اُن کے ساتھ ٹھیک رہیں اور اُن کے فائدہ میں ہوں ۔اُن کی محبت ظاہری طور سے سچی محبت لگتی ہے لیکن آخر کار وہ حقیقی نہیں رہتی اور یہ سچی محبت نہیں ہوتی ۔اس کی یہ وجہ ہے کہ اُن کی محبت جسمانی ہے جو وقت کے ساتھ ساتھ بدل جاتی ہے اور کسی چھوٹی سے مشکل کو سامنے دیکھ کر بھی بدل جاتی ہے ۔ جسمانی محبت وقت گزرنے کے ساتھ حالات کے مطابق بدل جاتی ہے ۔ مفاد اور غرض کی وجہ سے بھی بدل جاتی ہے ۔یہ صرف اُسی وقت کچھ فراہم کرتی ہے جب اِسے کچھ ملتا ہے اور جب مفاد سامنے ہو۔ اگر آپ کو دوسروں کی طرف سے اتنا ہی واپس ملتا ہے جتنا آپ نے انہیں دیا تھا یا پھر اگر وہ واپس نہ کریں تو آپ ناخوش ہوتے ہیں ، ایسی محبت جسمانی محبت ہے ۔

اکثر والدین بڑے دھیان اور وقف ہو کر اپنے بچوں کی پرورش کرتے ہیں ، لیکن اُن میں سے ایسے بھی ہیں جو اپنے بچوں کو اپنے جلال اور فائدہ کے لئے پروان چڑھاتے ہیں ۔ اُن کا کہنا ہے کہ "میں یہ کام اس لئے کر رہا ہوں تا کہ اپنے بچوں کی اچھی پرورش کر سکوں ۔" لیکن اُن میں سے زیادہ تر اپنے بچوں کے ذریعہ اپنے آپ کو خوش کرنا اور شیخی مارنا چاہتے ہیں ۔ وہ اپنے بچوں کی مخالفت کرتے یا اُس وقت بچوں کے ساتھ بگڑ جاتے ہیں جن کام کاج یا شریکِ حیات کے انتخاب میں بچوں کی مرضی والدین کی مرضی سے مختلف ہو ۔اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اُن کی محبت مشروط تھی اور اُن کی ساری قربانی اور انتساب کی ایک قیمت مقرر تھی ۔

بچوں کی اپنے والدین سے محبت کے بارے میں کیا خیال ہے ؟جیسا کہ کسی نے کہا ہے "لمبی بیماری اچھے اچھوں کو اکتا دیتی ہے ۔" جب والدین بیمار یا بوڑھے ہو جاتے ہیں تو بعض بچے اُن کو بوجھ ، مصیبت سمجھ کر اُن کو نظر انداز کرتے ہیں ۔اکثر ایسا ہوتا ہے کہ وہ والدین سے بہانہ بازی کرتے ہیں کہ ہم مصروف ہیں ۔ اُن کی زندگیاں اپنے ہی بچوں کے رحم و کرم پر ہوتی ہیں۔وہ اپنے والدین سے لاتعلق رہتے ہیں ۔ مزید یہ کہ کچھ ایسے غیر اخلاقی قسم کے بچے بھی ہیں جو اپنے والدین سے نفرت کرتے ہیں کیونکہ اُن کے والدین نے اُن کا پیسوں کا تقاضہ پورا نہیں کیا ۔ بعض ایسے ہیں جو اپنے والدین کو قتل بھی کر دیتے ہیں ۔

دوستوں کے درمیان محبت کے بارے میں کیا خیال ہے ؟بعض لوگ اُن دوستوں کی دغا سے دل برداشتہ ہو جاتے ہیں جن پر انہوں نے بھروسا کیا ہو۔بعض ایسے ہیں جو دوستوں سے بڑی بڑی رقمیں ادھار مانگتے ہیں یا یہ کہتے ہیں کہ وہ قرض لینے کے لئے ضمانت دیں ۔ اگر کوئی دوست اُن کی درخواست نہ مانے ، تو وہ محسوس کرتے ہیں کہ ہمارے ساتھ دغا کی گئی ہے اور ناراض ہو جاتے ہیں اس طرح تعلقات بگڑ جاتے ہیں ۔ اگر آپ کسی سے سچی محبت کرتے ہیں تو آپ اُس شخص کو کسی طرح کی مشکل میں نہیں ڈالیں گے ۔ بہر حال جسمانی محبت اپنا فائدہ ڈھونڈتی ہے اور اُس مقام سے دور رہتی ہے جہاں فائدہ نظر نہ آئے ۔

### 2۔ روحانی محبت کیا ہے ؟

محبت کے معنی لغت میں یوں بیان کئے گئے ہیں ؛ کہ محبت کسی شخص



بزرگ پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی

یا کسی چیز کو اہمیت دینا اور کسی کو ہر ایک چیز دے دینا یا ایسا جذبہ رکھنا ۔لیکن خد اکی محبت کا درجہ لغت میں بیان کردہ اِس محبت سے کہیں زیادہ بلند ہے ۔یہ روحانی محبت ہے ۔

روحانی محبت دوسروں کے فائدہ ، خوشی، امید، اوراُن کی زندگی کی بات کرتی ہے اور کبھی بدلتی نہیں ۔ بائبل مقدس میں دائود اور یونتن ایک دوسرے کیلئے ایسی ہی محبت ظاہر کرتے ہیں ۔ یوناتن اسرائیل کے پہلے بادشاہ سائول کا بیٹا تھا۔یونتن یہ دیکھ کر کہ دائود نے فلستین کے سورما جاتی جولیت کو فلاخن کے ایک پتھر سے گرا کر شکست دے دی ہے ،یہ اقرار کیا کہ دائود ایسا جنگجو ہے جس کے ساتھ خد اکا روح ہے ۔ یونتن خود بھی ایک سپہ سالار تھا ، تاہم اُس نے دائود کی دلیری کی تعریف کی اور اُس کا دل پُرجوش تھا۔ اس وقت سے یونتن نے دائود سے اپنی مانند محبت رکھی ۔دائود کی خاطر وہ کسی چیز کی پرواہ نہ کرتا تھا۔

1سموئیل 1:18-4میں لکھا ہے کہ "جب وہ سائول سے باتیں کر چکا تو یونتن کا دل دائود کے دل سے ایسا مل گیا کہ یونتن اس سے اپنی جان کے برابر محبت کرنے لگا۔اور سائول نے اُس دن سے اُسے اپنے ساتھ رکھا اور پھر اسے اس کے باپ کے گھر جانے نہ دیا۔ اور یونتن اور دائود نے باہم عہد کیا کیونکہ وہ اُس سے اپنی جان کے برابر محبت رکھتا تھا۔تب یونتن نے وہ قبا جو وہ پہلے ہوئے تھا اتار کر دائود کو دی اور اپنی پوشاک بلکہ اپنی تلوار اور اپنی کمان اور اپنا کمر بند تک دے دیا ۔"

یونتن سائول بادشاہ کا پہلوٹھا بیٹا تھا اس لئے اُسے شاہی تخت کا جانشین ہونا تھا۔ لیکن اُس میں کسی طرح کی خود غرضی یا لالچ نہیں تھا لہٰذا وہ بادشاہی کے منصب سے چمٹا نہ رہا ۔ بلکہ اُس نے اپنی جان خطرے میں ڈال کر دائود کو بچانے کی کوشش کی جب سائول نے اپنا تخت بچانے کے لئے دائود کو بُری طرح قتل کرنے کی کوشش کی تھی ۔یونتن کی دائود کے لئے محبت اُس کی موت تک لاتبدیل رہی۔

جب کوہِ جلبوعہ پر یونتن مر گیا تو دائود نے روزہ رکھا اور اُس کی موت پر ماتم اور نوحہ کیا۔ بادشاہ بننے کے بعد جب دائود نے یونتن کے بیٹے مفیبست کو تلاش کیا تو اس کے دادا سائول کی ساری زمین پر اُس کو بحال کیا اور محل میں رکھ کر اُس کی دیکھ بھال کی ۔

اُن کی محبت کی طرح، وہ سب جو روحانی محبت رکھتے ہیں وہ دوسروں کی خاطر لاتبدیل انداز سے اپنی جان کو خطرے میں ڈال سکتے ہیں خواہ اس سے اُن کو کوئی فائدہ ہو یا نہ ہو ، اور ممکن ہے اس کے نتیجہ میں خود اُن کوتکلیف اٹھانی پڑے ۔انہیں محبت اس لئے نہیں دی گئی کہ وہ اس محبت کے بدلے میں کسی طرح کا فائدہ حاصل کریں ۔ روحانی محبت غیر مشروط طور پر خود کو قربان کرتی اور دوسروں کے لئے سب کچھ دے دیتی ہے ۔

### 3۔ خد ااور خداوند کی ہمارے لئے لاتبدیل محبت

کیاآپ نے کبھی جسمانی محبت کی وجہ سے مشکل اٹھائی ہے جو روحانی محبت سے متضاد ہے ؟جب ہم پریشان حال ہوتے اور تبدیل ہوجانے والی محبت کی وجہ سے تنہائی محسوس کرتے ہیں ، تب ایک ایسا شخص ہے جو ہمارے دلوں کو دوست کی طرح اطمینان دے سکتا ہے ۔ وہ ہے ہمارا خداوند ۔

خداوند ہمارے دلوں کو کسی بھی اور شخص سے زیادہ بہتر جانتا ہے کیونکہ لوگوں نے اُسے رد کیا ا ور رو پوشی کی حالانکہ اُس نے گناہ نہ کیا تھا اور اُس میں کوئی عیب نہیں تھا ۔ اُس نے آسمانی جلال کو چھوڑا اور زمین پر آگیا اور دکھوں کی راہ اپنائی ۔ ایسا کر کے ، وہ ہمارا حقیقی مدد گار بن گیا اوراپنی صلیبی موت کے وسیلہ ہمیں حقیقی محبت دی ۔

خدا کو قبول کرنے سے پیشتر میں نے مختلف بیماریوں کی حالت میں بڑی غربت کی زندگی گزاری ۔ چونکہ میں سات سال سے اپنی بیماری کے بستر پر تھا ، میرے پاس اپنے بیمار بدن کے سوا کچھ نہیں تھا اور بھاری قرض کا ایک بوجھ تھا جو بڑھتا ہی جا رہا تھا ۔ مجھے جن لوگوں پر بھروسا تھا اور جن سے محبت تھی وہ ایک ایک کر کے مجھے اکیلا چھوڑ گئے ۔میں مکمل طور پر بے بس ، نظر انداز، اور مایوس ہو چکا تھا ۔ جب میں ناامیدی کی حالت میں موت کے دہانہ پر تھا ، تب خد امیرے پاس آیا ۔

خد اسے ملاقات کے بعد ، مجھے اپنی تمام بیماریوں سے شفا مل گئی اور مجھے نئی زندگی ملی ۔ میں نے نئی زندگی گزارنا شروع کی ۔ خدا کی محبت بیش بہا تھی ۔ ایسا نہیں ہو اتھا کہ پہلے میں نے اُس سے محبت کی ہو۔ یہ خدا تھا جس نے پہلے مجھ سے محبت رکھی اور وہ وہ پہلے میرے پاس آیا اور اپنی بانہیں میرے لئے پھیلا دیں ۔ یسعیاہ 15:49-16میں ہمیں خد اکی محبت صاف صاف دکھائی گئی ہے، "کیا یہ ممکن ہے کہ کوئی ماں اپنے شیر خوار بچے کو بھول جائے اور اپنے رحم کے فرزند پر ترس نہ کھائے ۔ہاں شاید وہ بھول جائے پر میں تجھے نہ بھولوں گا۔دیکھ میں نے تیری صورت اپنی ہتھیلیوں پر کھود رکھی ہے اورتیری شہر پناہ ہمیشہ میرے سامنے ہے ۔"

ب لمحہ یہ یاد کر کے میرا درد بڑھ رہا تھا کہ مجھے سب نے چھوڑ دیا ہے ، خد انے مجھے مضبوطی سے تھام لیا۔ جب میں نے اُس کی محبت کو تسلیم کیا ، تو آنسو بہنے لگے اور رکنے میں نہ آئے ۔درد کے وقت کے تجربات کی وجہ سے میں واضح طور سے محسوس کر سکتا تھا کہ اُس کی محبت حقیقی اور سچی ہے اور اب میں بطور پاسبان وفادری کے ساتھ اُس کے فضل کی شکرگزاری کے لئے کام کر رہا ہوں ، بے شمار روحوں کے دل کو کو تسلی دیتا اور اُن کو گلے لگاتا ہوں ۔ خد اخود محبت ہے ۔

ہم سب گنہگار تھے ، تو بھی اُس نے اپنے اکلوتے بیٹے کو اس دنیا میں ہمارے لئے بھیجا۔ اُس نے آسمانی مقامات تیار کئے جن میں ہمارے لئے خوبصورت چیزیں ہیں اور وہ ہمارا اس طرح انتظار کر رہا ہے کہ ایک دن ہزار برس کے برابر محسوس ہوتا ہے ۔جب ہم اُس کے لئے اپنے دلوں کو تھوڑا سا بھی کھولیں تو اُس کی عمدہ اور کثرت کی محبت کو محسوس کر سکتے ہیں ۔

مسیح میں پیارے بہن بھائیو!

محبت کی دو اقسام ہیں: جسمانی محبت جو اپنا فائدہ ڈھونڈتی ہے اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ بدل جاتی ہے ، دوسری روحانی محبت ہے جو دوسروں کا فائدہ چاہتی ہے اور سچائی کے ساتھ شادمان ہوتی ہے ۔ میں یہ تسلیم کرتے ہوئے خداوند کے نام میں دعا کرتا ہوں کہ خد اکی محبت جسمانی نہیں بلکہ روحانی محبت ہے ، آپ اُس کے ساتھ ابد تک لاتبدیل محبت میں شریک ہوں ۔

## ایمان کا اقرار

1. تؤمن كنيسة مانمين المركزية بأن الكتاب المقدس هو كلمة نفخةاللّٰهوبأنه كامل وبدون نقص.
2. تؤمن كنيسة مانمين المركزية بوحدة وبعمل اللّٰه الثالوث: اللّٰه الآب القدوس,اللّٰهالإبن القدوس,اللّٰهالروح القدس.
3. تؤمن كنيسة مانمين المركزية بأن خطايانا مغفورة فقط بدم يسوع المسيح الفادي.
4. تؤمن كنيسة مانمين المركزية بقيامة وبصعود يسوع المسيح, بمجيئه الثاني,بالحكم الألفي,وبالسماء الأبدية.
5. أعضاء كنيسة مانمين المركزية يعترفون بإيمانهم من خلال "قانون الإيمان" في كل مرة يجتمعون فيها ويؤمنون بمحتواه حرفياً.

"وہ (خدا) تو خود سب کو زندگی اور سانس اور سب کچھ دیتا ہے"۔(اعمال 25:17)

"اور کسی دوسرے کے وسیلہ نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرا نام نہیں بخشا گیا جس کے وسیلہ سے ہم نجات پائیں"۔(اعمال 12:4)

Urdu
مانمن نیوز
شائع کردہ مانمن سینٹرل چرچ
نمبر3-235 گُروڈونگ3، گروُ۔گو، سیول کوریا(848-152)
فون 82-2-818-7047 فیکس 82-2-818-7048
ویب سائٹ www.manmin.org/english
ای میل manminministry@hotmail.com
ناشر: ڈاکٹر جے راک لی
مدیرِاعلیٰ: سینئیر ڈیکنیس گیومسُن وِن

# عالمگیر قارئین کے لئے ڈاکٹر جے راک لی کی کثیر السانی ای بُکس amazon.com اور ibookstore کے وسیلہ نشر و اشاعت کے کام میں وسعت



سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی کی مختلف زبانوں میں ای بُکس amazon.comکے ذریعہ انٹر نیٹ پر دستیاب ہیں جنہیں آن لائن کسی بھی جگہ اور کسی بھی وقت خریدا جا سکتا ہے ۔ لوگ یہ کتابیں جدید تکنیک کے ساتھ آن سکرین پڑھ سکتے ہیں جیسا کہ ای بُکس ، سمارٹ فون اور ٹیبلٹ کے صارفین بھی پڑھتے ہیں ۔تصویر میں قاری صلیب کا پیغام کا انگریزی ترجمہ الیکٹرانک فارمیٹ میں پڑھ رہا ہے ۔ صلیب کا پیغام 37مختلف زبانوں میں شائع کیا جا چکا ہے ۔

جیسا کہ سمارٹ فونز، ٹیبلیٹ پی سی اور ای بُکس قارئین میں روز بہ روز شہرت پا رہے ہیں ، اس لئے پڑھنے کا طریقہ کار تبدیل ہو چکا ہے ۔ لوگو ں کی بڑی تعداد ای بُکس پڑھتی ہے جو روایتی کاغذ پر شائع نہیں ہوتیں بلکہ ان کا مواد الیکٹرانک انداز میں ہوتا ہے ۔

ای بُکس نہ صرف آسانی سے قابلِ ترسیل ہیں بلکہ ان کی قیمت بھی کاغذ پر چھپی کتابوں سے بہت کم ہے ۔ان کا بہت فائدہ ہے اور ہم انہیں آسانی سے انٹر نیٹ بُک سٹور سے کسی بھی جگہ پر کسی بھی وقت خرید سکتے ہیں اور انہیں ڈائون لوڈ کر کے فوراً پڑھ سکتے ہیں ۔ کوریا کی بُک مارکیٹ میں ای بُکس کی خرید و فروخت بہت بڑھ چکی ہے ۔ ای بُکس کی فروخت میں بڑی کامیابی کے ساتھ جس کا انتظام دنیا کے بہترین آن لائن بُک سٹور amazon.comنے کیا ہے ،اس کی مارکیٹ کو امریکہ میں بھی وسعت ملی ہے ۔

اِ س ترقی کرتی ہوئی مارکیٹ میں شامل ہو کر یوریم بُکس آف مانمن سینٹرل چرچ نے ڈاکٹر جے راک لی کی کتابوں کو انٹر نیٹ پر ای بُکس کی صورت میں مختلف زبانوں میں متعارف کروایا ہے اورمیڈیا منسٹری میں ڈیجیٹل اشاعت کے لئے دروازے کھولے ہیں۔ اس وقت،نومبر 2012کی طرح81کتابیں کوریائی زبانوں میں اور 218مختلف جلدیں 36زبانوں میں ای بُکس کی شکل میں دستیاب ہیں جبکہ 44دیگر کُتب مختلف زبانوں میں مل سکتی ہیں ۔

کوریائی زبان کی کتابیں الیکٹرانک شکل میں کیوبو بُک سٹور ،انٹر پارک، آئی بُک سٹور، ینگ پُونگ بُک سٹور ، یس 24، الہ دین ، لیبرو بُک سٹور اور باندی اینڈ لُونس پر آن لائن دستیاب ہیں ۔ مختلف زبانوں میں amazon.comکی ویب سائٹ ، آئی بُک سٹور، اور کیوبو بُک سٹور پردستیاب ہیں ۔ کیوبو بُک سٹور بالخصوص انگریزی، جاپانی اورعام چینی زبان میں کتابیں فروخت کررہا ہے۔ amazon.com سات مختلف زبانوں میں 60کتابیں عوامی توجہ کا مرکز ہیں جبکہ آئی بُک سٹور پر 108کتابیں 20مختلف زبانوں میں دستیاب ہیں ۔ یوریم بُکس کے انچارج برائے ایک بُکس تقسیم و ترسیل کے ایک نمائندہ کا کہنا ہے کہ "ہماری عملی ای بُکس کی تقسیم بذریعہ amazon.comاور آئی بُکس پر بیشتر قارئین نے اپنے مثبت ردِ عمل کا اظہار کیا ہے ۔ فروخت بڑھ رہی ہے حتیٰ کہ سمندر پار امریکہ اور تائیوان میں موجود ای بُک پبلشرز بھی ہم سے تعاون مانگ رہے ہیں ۔"

حال ہی میں ،آئی فون اور آئی پیڈ کے لئے صارفین کے لئے 17امریکی ممالک مثلا میکسیکو اور نیوزی لینڈ میں آئی بُک سٹورکھول دیا گیا ہے ۔اس طرح یوریم بُکس کو موقع ملا ہے کہ وہ پرتگالی اور ہسپانوی زبانوں میں بھی ایک بُکس جاری کر سکے ۔

یوریم بُکس ڈاکٹر جے راک لی کی مزید کتابیں ای بُکس کے لئے مزید زبانوں میں جاری کرتا رہے گا جو دنیا بھر کے سات بلین لوگوں تک پہنچ سکیں گی ۔



# مانمن نیوز، 25مختلف زبانوں میں اخبار آن لائن دستیاب ھے۔



مانمن نیوز چرچ کا اخبار ہے اور اب اِس کا ترجمہ 25زبانوں میں کیا جاتا ہے جو انٹر نیٹ پر دستیاب ہے ۔پس سب لوگ دنیا میں کسی بھی جگہ اور کسی بھی وقت یہ اخبارپڑھ سکتے ہیں جو آن لائن ویب سائٹ www.manminnews.comپر دستیاب ہے ۔


مانمن نیوز، مانمن سینٹرل چرچ کا اخبار ہے جس میں سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی کے روحانی پیغامات، کوریا اور بیرون کوریا سے ایمانداروں کی تصویری گواہیاں، مسیحی مشاورت اورچرچز کی مقامی اور سمندر پار شاخوں کی خبریں شامل ہوتی ہیں ۔ فی الوقت،مانمن نیوز کو 25مختلف زبانوں میں ترجمہ کیا جاتا ہے جن میں انگریزی، روسی، فرنچ، ہسپانوی، اور عبرانی شامل ہیں ۔ یہ کوریا سے شائع ہوتا اور بذریعہ ڈاک دوسرے ممالک میں بھیجا جاتا رہا ہے اور اس کے علاوہ دیگر ممالک میں اس کی اشاعت بھی ہوتی رہی ہے ۔

نومبر2012کے وسط سے ، قارئن کو آئی ٹی روم، ایڈیٹوریئل بیورو اور اوور سیز ٹیم کے تعاون سے آن لائن پڑھنے کی سہولت بھی دی گئی ہے ۔

کوریائی ،ا نگریزی، عام چینی، ہسپانوی، روسی ، جاپانی اور فرنچ زبانوں میں سات زبانوں پر مشتمل ایڈیشنز ویب سائٹ فارمیٹ پر دستیاب ہیں ۔ باقی 18ایڈیشنز PDFفارمیٹ میں دستیاب ہیں ۔ اس کے علاوہ 18ایڈیشنز کی زبانیں یہ ہیں :روایتی چینی، تاگلوگ، بیسایا، پرتگالی، یوکرین، استونائی، انڈونیشیائی، تھائی، ویتنامی، منگولی، نیپالی ، عبرانی، عربی، اُردو، تامل، ہندی، سنہالی، اور جرمنی ۔

مزید برآں، پی ڈی ایف فائل برائے پرنٹ بھی آن لائن دستیاب ہے تا کہ وہ جوگ جو اِسے ڈائون لوڈ کر کے اس کی نقول بنانا چاہتے ہیں اور اپنے خدمتی حلقوں میں تقسیم کرنا چاہتے ہیں وہ کر سکیں ۔ ایسا کرنے سے منسٹری کی آن لائن اشاعت میں کردار ادا کر سکیں گے اور عالمگیر کلیسیا کا حصول ممکن ہو گا۔

**<مانمن نیوز کاپرنٹ فرینڈلی پی ڈی ایف استعمال کرنے کا طریقہ>**




- مانمن نیوز کی ویب سائٹ www.manminnews.comپر جائیں۔
- سکرین پر دائیں جانب آخر میں جس آئکن پرپرنٹ فرینڈلی پی دی آیف لکھا ہو اس پر کلک کریں ۔
- ایڈمنسٹریٹر کو ایک میل کر کے لاگ آن ہونے کے لئے آئی ڈیIDحاصل کریں ۔
- لاگ آن ہوجائیں اور اپنی مطلوبہ فائل ڈائون لوڈ کر لیں ۔

جي سي إن GCN
(الشبكة المسيحية العالمية)
هاتف:82-2-824-7107
فاكس:82-2-813-7107
الموقع الإلكتروني: www.gcntv.org
البريد الإلكتروني: webmaster@gcntv.org

WCDN World Christian Doctors Network
(شبكة الأطباء المسيحيين في العالم)
هاتف:82-2-818-7039
فاكس:82-2-830-5239
الموقع الإلكتروني: www.wcdn.org
البريد الإلكتروني: wcdnkorea@gmail.com

MIS
(معهد مانمين الدولي للتعليم العالي)
هاتف:82-2-8187334
فاكس:82-2-830-3310
الموقع الإلكتروني: www.manminseminary.org
البريد الإلكتروني: manminseminary2004@gmail.com

كتب أوريم
هاتف:82-70-8240-2057
فاكس:82-2-869-1537
الموقع الإلكتروني: www.urimbooks.com
البريد الإلكتروني: urimbooks@hotmail.com

# ”میں کبھی بھی قدرت، کلام اور تعریف کو فراموش نہیں کر سکوں گا!
# میں اِن کو بلغاریہ کی کئی جانوں میں پھیلانا چاہوں گا۔“

میں ایک جنرل پریکٹشنر ہوں ، اور HEMA 18 میں سوفیا بلغاریہ کے ایک میڈیکل سینٹر میں گروپ پریکٹس میں مصروف ہوں۔ میرے خاندان نے یسوع مسیح کو میرے والد کے وسیلہ اپنا شخصی نجات دہندہ قبول کیا جنہوں نے بلغاریہ میں سپرچوئیل پریسٹ سکول سے تعلیم مکمل کی اور بعد میں جرمنی میں اپنی پی ایچ ڈی کی ٹریننگ کے دوران وہ نئے سرے سے پیدا ہونے والے مسیحی بنے۔ہمارے خاندان میں ایمان کی شروعات یہاں سے ہوئی تھی ۔ 1989 سے پہلے ہم اپنی حکومت کے عتاب میں رہے اور ہم پر بہت ظلم و تشدد کیا گیا ۔ اس کے باوجود ہم نے بائبل مقدس اور کئی دیگر کتابیں تقسیم کیں ۔ اس کے علاوہ ہم نے کئی مسیحی فلموں پر ڈبنگ (آواز کی ریکارڈنگ) کی اور اُن کو مسیحیوں کے لئے دستیاب بنایا ۔

### مسیحی ہوتے ہوئے خداوند کے لئے میری عبادت

میری والدہ ایک ڈاکٹر اور والد پیراسائٹالوجی(شعبہ جراثیم ) کے پروفیسرتھے ۔ یہی وجہ ہے کہ میں ہائی سکول میں گریجویٹ ہونے کے بعد اپنے مستقبل کے بارے میں متلاشی تھا۔ میں اِ س دوراہے پر تھا کہ آیا شعبہ طب میں پریکٹس جاری رکھوں یا کمپیوٹر سائنس کا شعبہ اپنائوں ۔ میں نے اِس معاملہ کے لئے دعا شروع کی اور پھر خدا وند نے میری دعا کا جواب دیا کہ مجھے اپنے والدین کے طرح ڈاکٹر بننا چاہئے ۔

میڈیکل سکول کے انٹر امتحا ن میں شرکت کے بعد خد انے مجھے ایک خاص تجربہ بخشا۔خواب میں مجھے اُس نے راہنمائی دی اور بتایا کہ امتحان میں سوالات کیا ہوں گے !خداوند کی مدد کے لئے اُس کاشکر ہو۔ مجھے اچھے نمبروں سے سوفیا میڈیکل کالج میں داخلہ مل گیا اور صرف چھ سال بعد میں سکول سے فارغ التحصیل ہونے والا یونیورسٹی کی تاریخ کا سب سے کم عمر ڈاکٹر تھا ۔ یہ نومبر1996 کی بات ہے ۔

میں نے اب تک اپنی زندگی پوری دیانتداری اورشادمانی میں اِس سنجیدہ سوچ کے ساتھ گزاری تھی کہ بطور مسیحی ڈاکٹر مجھے کیا کرنا چاہئے ۔بلغاریہ کرسچن میڈیکل ایسو سی ایشن کے صدر کی حیثیت سے ، میں اسقاطِ حمل ، سٹیم سیلز، کلوننگ ، یوتھاناسیا اور تخلیق اور ارتقا جیسے مضامین پر سیمینار کروایا کرتا تھا۔ میں نے اپنی بیوی کے ساتھ بائبل سٹڈی گروپ کی راہنمائی بھی کی اور خاندانی معاملات میں صلاح کاری بھی کرتے رہے ۔ میں اپنے قومی ہسپتالوں اور سرکاری اداروں میں بائبل کی تقسیم کرتا تھا جن میں پولیس سٹیشن ، سکول اور فائر برگیڈ اور مقامی حکومتوں کے ادارے شامل تھے ۔

ہمارا سب سے بڑا کام بائبل پراجیکٹ تھا ۔ہم نے تین ملین بائبل مقدس اور بچوں کی کُتب تقسیم کیں ۔ یورپی یونین کے ممالک میں سے اس وقت بلغاریہ واحد ملک ہے جہاں مسیحیت کی تعلیم دینے کی اجازت ہے

### میری ڈبلیو سی ڈین این منسٹری سے ملاقات

جب میں چھوٹا تھا، تو مجھے شدید درجہ کا ہیپا ٹائٹس B کا مرض لاحق ہو گیا تھا۔ اس وقت میرے والدین نے کلیسیا کے اراکین کے ساتھ مل کر دعا کی اور مجھے شفا ہوئی ۔ آج بہت لو گ کہتے ہیں کہ معجزات نہیں ہوتے ۔بد



ڈاکٹر کیری ڈیچکوو سویلینوو اور اُن کی بیوی ارینا سویلینوو

**تعارف**

- چئیر مین بلغاریہ میڈیکل ایسو سی ایشن
- سوفیا کے مقام پر طبی تشخیص کے ایک مرکز میں جنرل پریکٹشنر
- ہیلتھ ٹی وی جرنل کے ایک مشیر اور پیش کار بلغاریہ کے ایک نیشنل ٹیلی ویژن پروگرام EUROPEمیں
- بلغاریہ 2007“جنرل پریکٹشنر آف دی ائیر” کا ایوارڈ حاصل کیا
- اپریل 2012میں ڈبلیو سی ڈی این بلغاریہ کانفرنس میں لیکچر دیا

قسمتی سے ،ایسے کئی ڈاکٹر جو انسانی بدن کے بھید جانتے ہیں ، وہ خدا پر یقین نہیں رکھتے ۔

11جون 2011کو میں نے ڈبلیو سی ڈی این (ورلڈ کرسچن ڈاکٹرز نیٹ ورک) منسٹری کے بارے میں ڈاکٹر لیوبکا تنچیوا سے سُنا جنہوں نے آسٹریلیا میں منعقدہ اپنی 8ویں کرسچن میڈیکل کانفرنس میں شرکت کی تھی جس میں “روحانیت اور ادویات” کے تعلق سے سکھایا گیا تھا۔ ڈبلیوسی ڈی این ایک ایسی خدمت کر رہی ہے جو ڈاکٹروں اور شعبہ طب سے تعلق رکھنے والوں پر مشتمل ہے ۔وہ ثابت کر رہے ہیں کہ خدا زندہ ہے اورایسا طبی مواد فراہم کر کے جس سے مریضوں کی خدا داد شفا کی تصدیق ہوتی ہے، خدا کی شفا بخش قدرت کو تسلیم کررہے ہیں ۔مجھے کامل یقین ہے کہ یہ منسٹری خدا کے جلال کے لئے ہے ۔

کینیا میں 15اور 16مئی 2012کو میں نے 9ویں انٹر نیشنل کرسچن میڈیکل کانفرنس میں شرکت کی اور وہاں مجھے بہت خوشی اور تحریک ملی ۔ یہ میرے لئے بہت بڑی برکت تھی ۔

### مجھے ڈاکٹر جے راک لی کا روحانی پیغام سننے کا موقعہ مِلا ۔

مانمن سینٹرل چرچ کے بھائیوں اور بہنوں سے ملاقات کے بعد جہاں ڈاکٹر جے راک لی پاسبانی خدمات انجام دیتے ہیں میں ایسی پاکیزگی اور خلوص محسوس کر سکتا تھا جو ہم مسیحیوں میں ہونا چاہئے ۔ انہوں نے ڈاکٹر جے راک لی کی ایک رویا متعارف کروائی اور مانمن سینٹرل چرچ کا تعارف کروایا جہاں کئی روحیں بچائی جاتی ہیں ۔

اس کے بعد، انتہا درجہ کی مصروفیت کے باوجود میں نے ڈاکٹر جے راک لی کے چند پیغامات سُنے جن میں “پیدایش کی کتاب پر لیکچر”، اور” ایمان کا پیمانہ ”شامل ہیں ۔ میں نے روحانی دنیا کو تسلیم کیا اور یہ بھی کہ محض “ایمان لانا” نجات یافتہ ہونے کا نصف بھی نہیں ہے ۔لازم ہے کہ ہم خداوند کے مشابہ بھی بنیں ۔ اُن کاپیغام بہت سادہ ہے اور سمجھ میں آنے والا ہے لیکن بہت گہرا اور روحانی بھی ہے ۔

بالخصوص ایک کتاب “صلیب کا پیغام" زمین پر انسانی نسل کے بڑھنے پھلنے کے انتظامات کو جاننے میں رہمائی کرتا ہے اور یہ بھی کہ یسوع اِس دنیا میں کیوں آیا۔ میں آسانی سے

کہہ سکتا ہوں کہ یہ کتاب ہماری روحانی ترقی کے لئے بہت اہم ہے ۔ اس کے علاوہ ، میں نے ٹی بی این چینل (روس) کے ذریعہ جی سی این ٹی وی (www.gcntv.org) پر کئی پروگرام دیکھے اور روح سے بھری ستائش اور فنی مظاہروں سے حیران رہ گیا جو مانمن سینٹرل کی پرفارمنگ آرٹ کمیٹی کی طرف سے کئے گئے تھے ۔

### مجھے خد اکی بادشاہی کی رویا ملی

میں مانمن سینٹرل چرچ جانا چاہتا تھا اور خدا نے مجھے برکت دی کہ کوریا جا کر مانمن سینٹرل چرچ کی 30ویں سالگرہ کی تقریب میں شریک ہو سکوں جو اکتوبر 2012میں منعقد کی گئی تھی ۔ ہمارے وہاں قیام کے دوران میں نے دیکھا کہ کئی کلیسیائی اراکین دلسوزی سے دعا دن رات دعا کر رہے ہیں اور تمام چرچ آرگنائزشنز اور ڈیپارٹمنٹ باقاعدہ نظام کے تحت کام کر رہے تھے ۔

جب میں نے ڈاکٹر جے راک لی کو رُو برُو دیکھا ، تو میں محسوس کر سکتا تھا کہ وہ ایک حلیم اور پاک شخص ہیں اور اُن کی عظیم روحانی طاقت اور اختیار کو بھی محسوس کیا ۔ میں نے دیکھا کہ وہ مردِ دعا ہیں ۔

میں تمام طرح کی پرفارمنس سے بھی بہت متاثر ہوا اور اِس بات سے کہ خد اکس طرح ستائش اور تمجید میں ان کے ساتھ ہے ۔ رقص کرنے والی اور گیت گانے والی ٹیمیں بھی نہایت دلکش تھیں ! حتیٰ کہ میری بیوی جو آرٹس سکول میں لیکچرار ہے ، اس نے اقرار کیا کہ یہ نہایت پیشہ ورانہ پرفارمنس ہے ۔ میرا خیال ہے کہ چرچ نے اس لئے اتنی ترقی کی ہے کیونکہ اس کا راہنما مسیح یسوع کا پیرو کار ہے اورچرچ کے اراکین کی وفاداری بھی اس میں شامل ہے ۔

میری دعا ہے کہ خد اکی مرضی سے بلغاریہ بھی بلکن پیننسُولا میں ڈبلیو سی ڈی این کا مرکز بن جائے ۔میں بلغاریہ کی کئی کلیسیائوں میں انجیل کی منادی کرنا چاہوں گا اور چاہوں کا کہ یسوع کی انجیل اور مانمن کی حمد و ثنا کا پرچار بھی کروں ۔میں خدا کو جلال دیتا ہوں جو مجھے اپنے جلال کے لئے میری راہنمائی کر رہا ہے ۔



موآن میٹھے پانی کی سائٹ جہاں خد اکی قدرت منکشف ہوتی ہے (موآن ، جئیونام صوبہ ، کوریا)



ڈبلیو ڈی سی این کوریا ہیڈ کوارٹر سٹاف ڈاکٹر کیریل ڈیچکوو سویلونوو اور اُن کی اہلیہ ، اور پاسٹر آئیون آزرباسانوو اور اُن کی اہلیہ گیبرئیلہ آزرباسانوو